تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : الفرقان (تفسیر سورۃ الفاتحہ وسورۃ البقرۃ)
مرتب : شیخ عمر فاروق
ضخامت: 704 صفحات (30x20/8)...... قیمت : درج نہیں
ملنے کا پتہ: جامعہ تدبر القرآن 15-بی وحدت کالونی لاہور

شیخ عمر فاروق فضیلت علمی سے مالا مال سادہ شخصیت کے مالک ہیں۔ انگریزی اور عربی زبان میں مہارت رکھتے ہیں۔ درس و تدریس میں مصروف زندگی گزاری ہے۔ دین اور دینی علوم کے ساتھ گہری وابستگی رکھتے ہیں۔ اُمت کی موجودہ حالت پر نہایت غمزدہ اور پریشان رہتے ہیں۔ اسی صورت حال کا اثر ہے کہ قرآن کے پیغام کو عام کرنے کی طرف متوجہ ہوئے۔ بہت سی قدیم وجدید تفاسیر کا مطالعہ کیا اور حاصلِ مطالعہ کو جامع انداز میں مرتب کر دیا۔

قرآن پاک کی تفہیم کا سلسلہ انہوں نے درس کی شکل میں شروع کیا۔ یہ دروس ہفت روزہ ایشیا میں شائع ہوتے رہے۔ اب سورۃ الفاتحہ اور سورۃ البقرۃ کے دروس کو کتابی شکل میں شائع کر دیا ہے۔ شیخ صاحب کا اندازِ تفسیر منفرد ہے۔ وہ عربی اَسماء و افعال کی تشریح کرتے ہیں۔ پھر آیات کا بامحاورہ ترجمہ لکھتے ہیں۔ تفسیر بیان کرتے وقت معروف تفاسیر سے اقتباس نقل کرتے ہیں۔ اس طرح پڑھنے والا بیک وقت کئی تفاسیر سے فائدہ اٹھا لیتا ہے۔ آخر میں آیات کی حکمت وبصیرت کے عنوان سے خلاصۂ مطلب بیان کرتے ہیں جس سے دورِ حاضر کے مسائل کے حل میں قرآنی راہنمائی حاصل ہوتی ہے۔

یہ کتاب قرآن کا درس دینے والوں کے لئے بیش قیمت تحفہ اور فہم قرآن کے متلاشیوں کے لئے گوہر مقصود ہے۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ مصنف تعصب‘ تنگ نظری اور فرقہ واریت سے بالاتر فکر و نظر کے مالک ہیں اور قرآن کو قرآن وسنت‘ حدیث اور تعامل صحابہؓ سے سمجھنے میں ہی عافیت خیال کرتے ہیں۔

کتاب کے آخر میں تقریباً چالیس صفحات پر مشتمل ابتدائی عربی گرامر نہایت سادہ آسان